قومی ادارہ صحت

اینٹی بائیوٹک مزاحمت (Antibiotic Resistance) کو روکنے میں اپنا کردار ادا کیجئے

جب بیماری پھیلانے والے جراثیم (بیکٹریا) کے خلاف استعمال ہونے والی دوائی غیر مؤثر ہو جائے تو اسے اینٹی بائیوٹک مزاحمت کہتے ہیں۔ ادویات مزاحم کی وجہ سے انسان، جانور اور ماحول تیزی سے متاثر ہو رہے ہیں۔

اینٹی بائیوٹک مزاحمت کو روکنے کیلئے ضروری ہے کہ

خود علاجی (Self-medication) سے پرہیز کریں۔

ہمیشہ ڈاکٹر کی ہدایات کے مطابق اینٹی بائیوٹک ادویات کا استعمال کریں۔

ڈاکٹر کی ہدایات کے مطابق اینٹی بائیوٹک ادویات کا کورس مکمل کرنا ضروری ہے۔ اگر آپ بہتر بھی محسوس کر رہے ہیں تب بھی مکمل نسخہ پر عمل کریں۔

ہاتھوں کو باقاعدگی سے دھوئیں۔

ڈاکٹر کی تجویز کردہ اینٹی بائیوٹک ادویات صرف متعلقہ مریض کیلئے ہیں گھر کے باقی افراد یہ ادویات استعمال نہ کریں۔

استعمال کے بعد بچ جانے والی اینٹی بائیوٹک ادویات کو دوبارہ استعمال نہ کریں۔

یاد رکھیں

بلاضرورت اینٹی بائیوٹکس کا استعمال
اینٹی بائیوٹک مزاحمت کے تیزی سے بڑھنے کا سبب ہے جو ہم سب کی صحت کیلئے ایک بڑا خطرہ ہے

Produced by the Field Epidemiology & Disease Surveillance Division (FE&DSD) National Institute of Health, Islamabad
Phone No: 051-9255237 Fax No: 051-9255099 Email: eic.nih@gmail.com Website: www.nih.org.pk